

# داخلہ پالیسی میں تبدیلیاں

## گھرانوں کے لیے معلومات

## پبلک یا سرکاری تعلیمی اداروں کا انتخاب کیوں کیا جائے؟

NSW کا پبلک نظام تعلیم تمام طالبعلموں کو عالمی معیار کی تعلیم دیتا ہے اور آج کے بچوں کو کامیابیاں حاصل کرنے اور مستقبل کے معمار بننے کے لیے تیار کرتا ہے۔ ہمارے متنوّع اور سب کو شامل رکھنے والے پبلک سکول ہر طالبعلم کو اس کی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لانے میں مدد دیتے ہیں اور اس سلسلے میں ہمہ جہتی، معیاری تعلیمی پیشکشوں اور سائنس، ٹیکنالوجی، ریاضی، آرٹس اور کھیل کے ساتھ ساتھ دوسرے شعبوں میں کلاس روم سے باہر لاثانی تعلیمی مواقع فراہم کرتے ہیں۔

## داخلہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

انرولمنٹ پالیسی یعنی داخلہ پالیسی پبلک سکولوں کو ایجوکیشن ایکٹ (Education Act 1990) کے تحت اپنے فرائض پورے کرنے میں مدد دیتی ہے لہذا یہ یقینی ہوتا ہے کہ تمام طالبعلم اپنے مقامی پبلک سکول میں پڑھ سکیں۔ یہ پالیسی عملے اور کمیونٹی کو بھی واضح معلومات دیتی ہے کہ NSW کے پبلک سکولوں میں داخلوں کی کارروائی کیسے ہوتی ہے۔

## پالیسی کیوں بدل رہی ہے؟

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن نے تعلیمی پارٹنرز، کمیونٹی گروپس اور سکولوں کی لیڈرشپ ٹیمز کے ساتھ حالیہ داخلہ پالیسی پر صلاح مشورہ کیا۔ ہمیں ان رکاوٹوں سے نبٹنے کی اہمیت کے متعلق بہت سی آراء ملیں جو NSW کے پبلک سکولوں میں داخلے کی کوشش کرنے والے خاندانوں کو پیش آتی ہیں۔ نئی داخلہ پالیسی ان رکاوٹوں کے حل پیش کرتی ہے اور ڈیپارٹمنٹ کے اس عہد سے ہم آہنگ ہے کہ ایسا پبلک نظام تعلیم تخلیق کیا جائے اور قائم رکھا جائے جو منصفانہ اور سب کے لیے قابل رسائی ہو۔

## کیا تبدیلیاں ہوئی ہیں؟

مندرجہ ذیل تبدیلیاں 2025 کی ٹرم 1 سے تمام داخلوں کے لیے اطلاق پائیں گی۔

### آسٹریلیا میں عارضی رہائشی طالبعلم

عارضی رہائشی ویزا رکھنے والے تمام طالبعلم اب اپنے رہائشی پتے کی بنیاد پر مقامی سکول میں داخلہ لے سکیں گے۔

Temporary Skills Shortage ویزے (سب کلاس 482) کے حامل ریجنل رہائشی افراد یعنی گریٹر سڈنی اور وولونگونگ سے باہر رہنے والوں کو داخلہ فیس سے چھوٹ ملے گی۔

NSW GOVERNMENT

## نان لوکل (غیر مقامی) طالبعلموں کے داخلے کے لیے نئے تقاضے

NSW کے پبلک سکولوں میں داخلے کے لیے مخصوص لوکل انرولمنٹ ایریاز مقرر ہیں۔ یہ مقررہ علاقے جن سے طالبعلموں کو لیا جاتا ہے، ڈیپارٹمنٹ نے طے کیے ہیں۔ یہ سکول یقینی بناتے ہیں کہ ان کے لوکل انرولمنٹ ایریا میں رہنے والے طالبعلموں کے لیے کافی نشستیں موجود رہیں۔ گنجائش ہونے کی صورت میں، آپ اپنے بچے کو اپنے مقررہ علاقے سے باہر کسی سکول میں 'نان لوکل انرولمنٹ' (داخلہ مانگنے والا غیر مقامی طالبعلم) کے طور پر داخل کیے جانے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

نئے تقاضوں میں داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کے اسی سکول میں نان لوکل انرولمنٹ کو فوقیت دی گئی ہے، اور بالخصوص اہل مین سٹریم (عام طالبعلموں کے لیے) سکولوں میں امدادی کلاسوں میں داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کو فوقیت دی گئی ہے۔

نئے تقاضوں کے تحت اب سکول اپنے عملے کے بچوں کے نان لوکل انرولمنٹ پر بھی غور کر سکتے ہیں۔

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### کیا یہ تبدیلیاں میرے بچے کے لیے اطلاق پاتی ہیں؟

NSW کے پبلک سکولوں میں داخلے کے سلسلے میں تبدیلیاں تب آپ سے تعلق رکھتی ہیں کہ:

- آپ کا بچہ سکول کی عمر کا ہو اور عارضی رہائشی ویزے پر ہو
- آپ کا بچہ سکول کی عمر کا ہو اور اس وقت کسی اور NSW پبلک سکول میں اس کا کوئی بھائی یا بہن داخل ہو، اور آپ چاہتے ہوں کہ یہ بچے ایک ہی سکول میں پڑھیں۔ سکول آپ کے بچے کو لے سکتا ہے یا نہیں، یہ سکول کی گنجائش اور اہلیت کے تقاضوں پر منحصر ہے۔
- آپ کسی NSW پبلک سکول میں عملے کے رکن ہوں جو آپ کے بچے کے داخلے کے لیے مقررہ علاقے سے باہر ہو۔ سکول آپ کے بچے کو لے سکتا ہے یا نہیں، یہ سکول کی گنجائش اور اہلیت کے تقاضوں پر منحصر ہے۔

### کیا ہر سکول کے لیے یہ تبدیلیاں لانا لازمی ہو گا؟

تمام سکول عارضی رہائشی ویزا رکھنے والے طالبعلموں سے تعلق رکھنے والی تبدیلیاں لاگو کرنے کے پابند ہیں۔

زیادہ تر سکول، گنجائش ہونے کی صورت میں، ٹرم 1، 2025 سے داخلہ لینے والے طالبعلموں کے لیے نان لوکل انرولمنٹس سے تعلق رکھنے والی تبدیلیاں لاگو کرنے کے پابند ہیں۔

آسٹریلیا کے عارضی رہائشی طالبعلموں اور نان لوکل طالبعلموں سے تعلق رکھنے والی داخلہ پالیسی میں تبدیلیوں سے سپیشلسٹ ماحولوں یا پروگراموں کے لیے اہلیت کے تقاضوں پر اثر نہیں پڑے گا۔ اہلیت کے تقاضے رکھنے والے سکول، جن میں مکمل سیلیکٹیو سکولز، مخصوص مقاصد کے لیے سکولز (schools for specific purposes (SSPs))، اور اہلیت کے خصوصی تقاضے رکھنے والی کلاسیں یا پروگرام (مثلاً اپرچیونٹی کلاسز، سپیشلسٹ سپورٹس اور یا ویژوئل آرٹس سٹریمز) پیش کرنے والے سکول، اپنا داخلے کا حالیہ طریق کار جاری رکھ سکیں گے۔

صرف لڑکوں یا صرف لڑکیوں کے سکول ان تبدیلیوں کو لاگو کرنے کے پابند ہیں، بشرطیکہ داخلہ لینے والا بچہ اس صنف کے لیے سکول کے اہلیت کے تقاضوں پر پورا اترتا ہو۔ متعلقہ سکول سے رابطہ کر کے پوچھیں کہ یہ تبدیلیاں کیسے لاگو ہوتی ہیں۔

### اگر میرا بچہ کسی پہلے سے داخل طالبعلم کا بھائی یا بہن ہو تو کیا اس کی نان لوکل انرولمنٹ کی درخواست خودبخود منظور کر لی جائے گی؟

یہ تبدیلیاں آپ کے بچے کو اس نان لوکل پبلک سکول میں داخلہ مل جانے کی ضمانت نہیں دیتیں جس میں اس کا بھائی یا بہن داخل ہے۔ جہاں ممکن ہو، سکول اپنے یہاں داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کے نان لوکل انرولمنٹس کو ترجیح دیں گے لیکن درخواست کی منظوری کا انحصار سکول کی گنجائش پر ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے متعلقہ سکول سے رابطہ کریں۔

### کیا اس کا مطلب ہے کہ اب سے نان لوکل انرولمنٹس کے لیے صرف موجودہ طالبعلموں کے بھائی بہنوں کو ہی قبول کیا جائے گا؟

نہیں، آپ اب بھی اپنے بچے کے کسی بھی پبلک سکول میں داخلے کی درخواست دے سکتے ہیں، بشرطیکہ بچہ اس سکول میں پڑھنے کے لیے اہل ہو اور سکول میں بچے کے لیے گنجائش ہو۔ اب سکولوں کو نان لوکل انرولمنٹس کے نئے تقاضوں (جن میں طالبعلم کی خیریت و فلاح کی ضروریات کے تقاضے بھی شامل ہیں) کے مطابق درخواستوں کی ترجیح طے کر کے ان پر غور کرنا ہو گا جو پہلے سے داخل طالبعلموں کے بھائی بہنوں کو فوقیت دیتے ہیں اور سکول کے عملے کے بچوں کے داخلے پر غور کرتے ہیں۔

### کیا سکول کے عملے کے بچوں کے نان لوکل انرولمنٹس خودبخود منظور کر لیے جائیں گے؟

نہیں۔ سکول پہلے سے داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کی نان لوکل درخواستوں کو فوقیت دیں گے اور اس کے بعد وہ سکول کے عملے کے بچوں کے نان لوکل انرولمنٹس پر غور کر سکتے ہیں۔ اگر آپ سکول کے عملے کے رکن ہیں تو آپ کے بچے کو سکول کی گنجائش پر منحصر داخلہ مل سکتا ہے۔ نان لوکل انرولمنٹس کے نئے تقاضوں سے آپ کے بچے کے مقامی سکول میں داخلے کے حق پر اثر نہیں پڑے گا۔

## عارضی رہائشی ویزا رکھنے والے طالبعلموں کا داخلہ

**میرا بچہ آسٹریلیا میں عارضی رہائشی ویزے پر ہے۔ میں نے پہلے مقامی سکول میں اس کے داخلے کی درخواست دی تھی لیکن درخواست نامنظور ہو گئی۔ کیا میں دوبارہ اپنے بچے کے داخلے کی درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کا بچہ عارضی رہائشی ویزے پر ہے اور مقامی سکول میں داخلے کے لیے اس کی پچھلی درخواست نامنظور ہو گئی تھی تو آپ دوبارہ داخلے کی درخواست بھیج سکتے ہیں۔ براہ مہربانی نیچے "میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟" حصے میں بتائے گئے مراحل پر عمل کریں۔

**میرا بچہ آسٹریلیا میں عارضی رہائشی ویزے پر ہے اور میں 2025 کے لیے پہلے ہی ایک سکول میں اس کا داخلہ کروا چکا/چکی ہوں۔ کیا میں اس کے داخلے کے لیے سکول بدل سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کا بچہ عارضی رہائشی ویزے پر ہے اور 2025 کے لیے پہلے ہی کسی سکول میں اس کا داخلہ ہو چکا ہے تو آپ کسی اور سکول میں اس کا داخلہ کروا سکتے ہیں۔ براہ مہربانی نیچے "میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟" حصے میں بتائے گئے مراحل پر عمل کریں۔

**میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو کہیں داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟**

عارضی رہائشی ویزا رکھنے والے طالبعلموں کے والدین یا سنبھالنے والوں کو سکول بدل کر اپنے مقامی سکول میں داخلہ کروانے کے لیے ان مراحل پر عمل کرنا ہو گا:

1. Temporary Residents Program (عارضی رہائشیوں کے پروگرام) کی ٹیم کو 229 300 1300 (آپشن 1) پر کال کر کے یا tempvisa@det.nsw.edu.au پر ای میل کر کے اپنے بچے کا سکول بدلنے کی درخواست کریں۔ جب آپ کے بچے کے لیے سکول کی تبدیلی مکمل ہو جائے گی تو Temporary Residents Program کی ٹیم آپ کو اطلاع دے گی۔
2. اپنے بچے کے داخلے کے لیے اپنے مقامی سکول سے رابطہ کریں۔ سکول آپ کو کاغذ پر چھپا درخواست فارم دے گا جو آپ کو داخلے کے لیے مکمل کرنا ہو گا۔ education.nsw.gov.au/find-a-public-school پر اپنے مقامی سکول کی رابطہ تفصیلات دیکھیں۔

**میرا بچہ 482 ویزے کے علاوہ کسی اور عارضی رہائشی ویزے پر ہے۔ کیا مجھے داخلہ فیس ادا کرنی ہو گی؟**

عارضی رہائشیوں کے گورنمنٹ سکول میں داخلے کے لیے درخواست کی فیس اور پڑھائی کی فیس کا حساب بالعموم اس ویزا سب کلاس کے لحاظ سے لگایا جاتا ہے جو طالبعلم کے پاس ہو۔ اپنے ویزے کی سب کلاس کے لیے واجب فیس کے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے DE International کی ویب سائیٹ دیکھیں: deinternational.nsw.edu.au/study-options/study-programs/temporary-residents۔ اگر آپ ٹھیک نہ سمجھ سکیں کہ آیا آپ کے لیے فیس سے چھوٹ کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں تو آپ tempvisa@det.nsw.edu.au پر Temporary Residents Program کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## نان لوکل بہن بھائیوں کا داخلہ

**میں نے اپنے بچے کو اس کے بھائی یا بہن کے سکول میں داخل کروانے کی درخواست دی تھی لیکن درخواست نامنظور ہو گئی تھی۔کیا میں دوبارہ اپنے بچے کے داخلے کے لیے درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ نے اپنے بچے کو اس کے بھائی یا بہن کے نان لوکل سکول میں داخل کروانے کی درخواست دی تھی جو نامنظور ہو گئی تھی تو براہ مہربانی نیچے "میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟" حصے میں بتائے گئے مراحل پر عمل کریں۔

**میں نے اپنے بچے کو 2025 کے لیے داخل کروایا تھا لیکن اس کا بھائی یا بہن کسی اور نان لوکل سکول میں داخل ہے۔کیا میں اس کا سکول بدلنے کی درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کا بچہ 2025 کے لیے جس سکول میں داخل ہوا ہے، اگر آپ اس سکول کی بجائے بچے کو اس کے بھائی یا بہن کے موجودہ سکول میں داخل کروانا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی نیچے "میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟" حصے میں بتائے گئے مراحل پر عمل کریں۔

**میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو کہیں داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟**

جو والدین یا سنبھالنے والے اپنے نئے داخلہ لینے والے بچے کا سکول بدل کر اسے اس کے بھائی یا بہن کے نان لوکل سکول میں ہی داخل کروانا چاہتے ہوں، انہیں سکول بدلنے کے لیے نیچے دیے گئے مراحل پر عمل کرنا ہو گا:

### آن لائن داخلہ درخواست

1. آپ جس سکول میں بچے کو داخل کروانا چاہتے ہیں، اس کی ویب سائیٹ پر جائیں، پھر مینو آپشنز میں enrolment پر کلک کریں۔
2. enrolment ویب پیج پر 'How to enrol' کے نیچے لنک پر کلک کر کے آن لائن داخلہ درخواست تک جائیں۔
3. جب آپ داخلے کی درخواست بھیج دیں گے تو ممکن ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش کرے جسے 14 دن کے اندر قبول کرنا ضروری ہو گا۔
4. اگر آپ کی درخواست قبول ہو جائے تو اس سکول سے رابطہ کر کے ان کے پاس داخلہ کینسل کر دیں جس میں آپ نے پہلے بچے کو 2025 کے لیے داخل کروایا تھا۔

### کاغذ پر چھپا درخواست فارم

1. اپنے بچے کے بھائی یا بہن کے سکول سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ آیا ان کے پاس آپ کے بچے کو لینے کی گنجائش ہے۔
2. اگر سکول کے پاس آپ کے بچے کو لینے کی گنجائش ہو تو ایک نیا کاغذ پر چھپا درخواست فارم مکمل کریں جو آپ کو سکول سے مل سکتا ہے۔
3. جب آپ داخلے کی درخواست جمع کروا دیں گے تو ممکن ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش کرے جسے 14 دن کے اندر قبول کرنا ضروری ہو گا۔
4. اگر آپ کی درخواست قبول ہو جائے تو اس سکول سے رابطہ کر کے ان کے پاس داخلہ کینسل کر دیں جس میں آپ نے پہلے بچے کو 2025 کے لیے داخل کروایا تھا۔

**میں نے 2025 میں ایئر 6 سے ایئر 7 میں جانے کے لیے اظہار دلچسپی((Expression of Interest (EOI)) بھیجا تھا۔ کیا میں اپنے بچے کے داخلے کے لیے سکول بدل سکتا/سکتی ہوں؟**

ایئر 6 سے ایئر 7 میں جانے کے لیے EOI بند ہو چکا ہے لہٰذا اب والدین اور سنبھالنے والے 2025 کے لیے اپنے ترجیحی سکولوں کی فہرست میں تبدیلیاں نہیں کر سکتے۔

اگر آپ 2025 میں اپنے بچے کا داخلہ کسی سکول میں کروا چکنے کے بعد اب اسے اس کے بھائی یا بہن کے نان لوکل سکول میں داخل کروانا چاہتے ہوں تو آپ کو مندرجہ ذیل مراحل پر عمل کرنا چاہیے:

## آن لائن داخلہ درخواست

1. آپ جس سکول میں بچے کو داخل کروانا چاہتے ہیں، اس کی ویب سائٹ پر جائیں، پھر مینو آپشنز میں enrolment پر کلک کریں۔
2. enrolment ویب پیج پر 'How to enrol' کے نیچے لنک پر کلک کر کے آن لائن داخلہ درخواست تک جائیں۔
3. جب آپ داخلے کی درخواست بھیج دیں گے تو ممکن ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش کرے جسے 14 دن کے اندر قبول کرنا ضروری ہو گا۔
4. اگر آپ کی درخواست قبول ہو جائے تو اس سکول سے رابطہ کر کے ان کے پاس داخلہ کینسل کر دیں جس میں آپ نے پہلے بچے کو 2025 کے لیے داخل کروایا تھا۔

## کاغذ پر چھپا درخواست فارم

1. اپنے بچے کے بھائی یا بہن کے سکول سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ آیا ان کے پاس آپ کے بچے کو لینے کی گنجائش ہے۔ education.nsw.gov.au/find-a-public-school پر سکول کی رابطہ تفصیلات دیکھیں۔
2. اگر سکول کے پاس آپ کے بچے کو لینے کی گنجائش ہو تو ایک نیا کاغذ پر چھپا درخواست فارم مکمل کریں جو آپ کو سکول سے مل سکتا ہے۔
3. جب آپ داخلے کی درخواست جمع کروا دیں گے تو ممکن ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش کرے جسے 14 دن کے اندر قبول کرنا ضروری ہو گا۔
4. اگر آپ کی درخواست قبول ہو جائے اور آپ نے پہلے ہی اپنی EOI آفر قبول کر لی ہو تو براہ مہربانی براہ راست سکول سے رابطہ کر کے داخلہ کینسل کر دیں۔

## سکول کے عملے کے نان لوکل بچوں کا داخلہ

**میں نے اپنے بچے کے اس سکول میں داخلے کی درخواست دی تھی جہاں میں کام کرتا/کرتی ہوں لیکن درخواست نامنظور ہو گئی تھی۔ کیا میں اپنے بچے کے داخلے کی درخواست دوبارہ بھیج سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ نے اپنے بچے کو اس سکول میں داخل کروانے کی درخواست دی تھی جہاں آپ کام کرتے ہیں اور درخواست نامنظور ہو گئی تھی تو آپ دوبارہ درخواست بھیج سکتے ہیں۔ براہ مہربانی نیچے "میں 2025 کے لیے اپنے بچے کو داخل کروا چکنے کے بعد اس کا سکول کیسے بدلوں؟" حصے میں بتائے گئے مراحل پر عمل کریں۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

**داخلے کے بارے میں سوالات کے لیے اپنے ترجیحی سکول سے بات کریں۔ اپنے سکول کی رابطہ تفصیلات یہاں دیکھیں: education.nsw.gov.au/find-a-public-school**

**NSW گورنمنٹ سکول میں داخلے کا طریقہ جاننے کے لیے معلومات یہاں دیکھیں: education.nsw.gov.au/enrolment**

**آسٹریلیا کے عارضی رہائشی کی حیثیت سے NSW گورنمنٹ سکول میں داخلے کا طریقہ جاننے کے لیے معلومات یہاں دیکھیں: https://www.deinternational.nsw.edu.au/**

**داخلے کے متعلق عمومی سوالات کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کے ہیڈ آفس سے رابطہ کریں: 332 679 1300**

**ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس**

اگر آپ کوسکول یا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کر کے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔